
© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

مدیر

## ''اے نیو ماڈل فار ہیلتھ اینڈ ڈیزیز''

مصنف: ڈاکٹر جارج وتھولکس، مترجم: ہومیو ڈاکٹر ملک محمد مسعود یحییٰ

قیمت: 150 روپے ، ملنے کا پتا: ہومیو پیتھک فرٹیلیٹی کلینک مین بازار جوہر آباد ضلع خوشاب

ہومیو پیتھک طریقہ' علاج سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے ڈاکٹر جارج وتھولکس کا نام ہرگز غیر متعارف نہیں ہے۔ عظیم یونانی مفکر جارج وتھولکس عہد موجود میں ہومیو پیتھی کی اقلیم کا بے تاج بادشاہ ہے۔ انجینئرنگ سائنس سے متعلق ہونے کے باوجود وتھولکس کا ہومیو پیتھی سے عشق ہی اسے دنیا بھر میں شہرت سے ہمکنار کرنے کا باعث بنا۔ نتیجہ یہ کہ اسکی بلند پایہ کتب چونسٹھ سے زائد ملکوں میں پڑھی جا رہی ہیں۔ یورپ جہاں معالج ایم۔ڈی یا اس کے مساوی ڈگری رکھنے پر ہی اپنے نام کے ساتھ ڈاکٹر کا لفظ استعمال کر سکتا ہے۔ وہاں یہ عظیم ہستی اس شرط سے بھی مستثنیٰ قرار دے دی گئی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''اے نیو ماڈل فار ہیلتھ اینڈ ڈیزیز'' جارج وتھولکس کی شہرۂ آفاق کتب میں سے ایک ہے۔ جسے ہومیو ڈاکٹر ملک محمد مسعود یحییٰ نے اردو کے قالب میں ڈھال کر اردو قارئین کو شرمندۂ احسان کیا ہے۔ یہ کتاب تین نقاط کے گرد گھومتی ہے کہ (۱) مروجہ ریلو پیتھک ادویات امراض کو روکنے اور شفایاب کرنے میں نام کم ثابت ہوئی ہیں جیسے تفصلاً اور با حوالہ ثابت کیا گیا ہے (۲) قارئین کے سامنے صحت اور مرض کا نیا ماڈل پیش کیا گیا ہے۔ جس میں فطری قوانین پر بحث کر کے بہترین ادویات سے متعارف کرایا گیا ہے (۳) ہومیو پیتھک طریقہ علاج کا بھرپور انداز میں تعارف پیش کیا گیا ہے۔

یہ کتاب اس لحاظ سے بھی دیگر مصنفین کی کتب پر اپنی برتری رکھتی ہے کہ اس میں فاضل مصنف نے جدید طبی زبان میں اور سیکڑوں کتب و جرائد سے حوالے دے کر ایلو پیتھک کا رد کیا ہے۔ اور ہر ہر صفحے پر فتح و کامرانی کے نقش ثبت کیے ہیں۔ کتاب پڑھ کر ہمیں مرد احرار، حکیم انقلاب ڈاکٹر صابر ملتانی'' (بانی نظریہ مفرد اعضاء) یاد آ گئے۔ جو اپنی ہر کتاب میں چیلنج کے ساتھ یہ جملہ بالتواتر لکھا کرتے تھے کہ ''ایلو پیتھک غیر فطری اور ان سائنٹیفک طریقہ علاج ہے''۔ مختصر یہ کہ کتاب ہذا علم کے متلاشیوں کے لیے چشمیہ صحافی ہے۔ جناب ڈاکٹر محمد مسعود یحییٰ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے انتہائی سلیس اور رواں دواں ترجمہ کر کے اپنی زبان آوری اور ترجمہ نگاری کی مہارت کا ثبوت بھی فراہم کیا ہے اور ہومیو پیتھک کی ترویج و اشاعت میں قابل قدر کردار بھی انجام دیا ہے۔

© rasailojaraid.com